KATHY HOCHUL گورنر | **فوری ریلیز کے لیے:** 20/12/2022

گورنر HOCHUL کا 10$ ملین کی لاگت کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے حصے کے طور پر امیٹی وِل کے لیے تبدل و تغیر کے پروجیکٹس کا اعلان

ڈاون ٹاون کے احیائے نو کے گیارہ پروجیکٹس گاؤں کی راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی اور ربط سازی کو فروغ دیتے ہیں اور ایک متحرک اور متنوع ڈاون ٹاؤن بنانے کے لیے کاروبار اور ہاؤسنگ کے مواقع کو بڑھاتے ہیں

پروجیکٹ کے خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین لاگت کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کی اقدامی تفویض کے حصے کے طور پر امیٹی وِل گاؤں میں تبدل و تغیر کے 11 پروجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ تفویضات ربط سازی، راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی، ٹرانزٹ تک رسائی اور خوبصورتی میں اضافہ کریں گے اور چھوٹے کاروباروں اور ہاؤسنگ کے مواقع کو وسعت دیں گے تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کی ترقی کو ٹرانزٹ پر مبنی مرکز کے طور پر فروغ دیا جا سکے۔

"امیٹی وِل گاؤں میں یہ تبدل و تغیر کے پروجیکٹس رہائشیوں اور سیاحوں کو متحرک، محفوظ ڈاؤن ٹاؤن فراہم کریں گے جس کے وہ مستحق ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "منفرد ساحلی کنارے کو مربوط کر کے، آمد و رفت کے اختیارات کی تجدید نو کر کے، اور تجارتی اور رہائشی سٹریٹس کو بہتر بنا کر، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ امیٹی وِل آنے والے برسوں تک لانگ آئی لینڈ کا قابلِ دید مقام ہو گا۔"

امیٹی وِل کا گاؤں لانگ آئلینڈ کے آمد و رفت کی کئی بڑی راہداریوں کے سنگم پر واقع ہے۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام (Downtown Revitalization Initiative، DRI) علاقے کی نیو یارک شہر سے قربت، آمد و رفت کی بڑی راہداریوں اور علاقائی ایئرپورٹس تک اس کی آسان رسائی کو مربوط کر کے، نئے کاروباروں اور رہائشیوں کو ڈاؤن ٹاؤن کی طرف راغب کرتے وقت ایک اہم وسیلہ فراہم کرتا ہے۔ یہ گاؤں کو لانگ آئی لینڈ ریل روڈ ٹرین سٹیشن کے مرکز میں واقع، مستحکم، راہ گیروں کے لیے قابلِ رسائی ڈاؤن ٹاؤن بنانے کے لیے کوشاں ہے، جو لانگ آئی لینڈ کی اوّلین منزلوں میں سے ایک ہے، اپنے منفرد ساحلی کنارے کی ثقافت اور تاریخی دلکشی کے لیے وجہ شہرت کا حامل ہے۔ امیٹی وِل نے کئی پروجیکٹس کے ذریعے اپنے احیائے نو کے لیے قوتِ رفتار تخلیق کی ہے، جس میں راہگیری اور بائیک لینز اور مخلوط استعمال اور رہائشی ٹرانزٹ پر مبنی ترقیاتی کام شامل ہیں۔

DRI کی سرمایہ کاریاں گورنر کی معیشت کو بحال کرنے اور لانگ آئی لینڈ کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ DRI کی قیادت ریاستی محکمہ کرتا ہے جو اس صورت تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے کہ جب ہر حصہ لینے والی کمیونٹی ایسے مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کرنے کے لئے اسٹریٹیجک انویسٹمنٹ پلان تیار کرتی ہے جن میں ڈاؤن ٹاؤن علاقے کے احیاء و تعمیر کے لیے منفرد وژن شامل ہو۔

DRI کے ذریعے فنڈ کیے جانے والے مخصوص پروجیکٹس کمیونٹی کے اسٹریٹیجک انویسٹمنٹ پلان میں شامل متعدد اہداف اور حکمت عملیوں کی حمایت کرتے ہیں، جیسا کہ—ربط سازی، راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی، ٹرانزٹ رسائی اور خوبصورتی کو بڑھانا؛ اور چھوٹے کاروبار اور ہاؤسنگ کے مواقع کو وسعت دینا تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کی ترقی کو تحرک اور سرگرمی کے ٹرانزٹ پر مبنی مرکز کے طور پر فروغ دیا جا سکے۔ جیسے احیائے نو کی کارروائی

آگے بڑھے گی اور ایک رفتار قائم ہو جائے گی، تو DRI کے ذریعے ان پروجیکٹس میں 9.7$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سے سرکاری اور نجی شعبے کی اضافی سرمایہ کاریوں کو فائدہ پہنچے گا۔

منصوبوں میں شامل ہیں:

<u>**ربط سازی، راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی، ٹرانزٹ رسائی اور خوبصورتی میں اضافہ**</u>

براڈوے کی سٹریٹس کی تکمیل پر عملدرآمد - DRI تفویض: 5,029,000$
براڈوے پر سٹرلنگ پلیس سے آئرلینڈ پلیس تک روڈ وے اور راہگیروں کے دائرے میں ترقیاتی کاموں کا ایک سلسلہ ڈاؤن ٹاؤن میں ربط سازی، راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی اور تحفظ کو بڑھا دے گا۔ ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے اقدامات میں ایون پلیس سے ویسٹ سمتھ سٹریٹ تک راہگیروں کے لیے بہتریاں شامل ہوں گی۔

LIRR اسٹیشن کا احیائے نو اور ڈاؤن ٹاؤن تک روابط - DRI تفویض: 1,314,000$
LIRR اسٹیشن کے داخلی راستوں اور روابط کو اپ گریڈ کیا جائے گا تاکہ مسافروں کے لیے مزید خیر مقدمی آمد کی تخلیق، نیز اسٹیشن، ڈاؤن ٹاؤن کی دکانوں اور نئی رہائشی ترقی کے مابین صاف، محفوظ راہگیری روابط قائم کیے جا سکیں۔

گاؤں میں راستے کی تلاش میں تعاون - DRI تفویض: 81,000$
گاؤں ڈاؤن ٹاؤن کی نمود کو بڑھانے اور راہگیروں کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے گاؤں کے مخصوص راستے تلاش کرنے والے نشانات تیار اور نصب کرے گا۔

<u>**چھوٹے کاروبار اور ہاؤسنگ کے مواقع میں وسعت تاکہ ڈاؤن ٹاؤن کی ترقی کو تحرک اور سرگرمی کے ایک ٹرانزٹ پر مبنی مرکز کے طور پر فروغ دیا جا سکے**</u>

21 <u>گرین ایوینیو</u> پر مخلوط استعمال کی عمارت کا قیام - DRI تفویض: 1,307,000$
سابق ولیج ہال کو دوبارہ تیار کیا جائے گا اور اسے مخلوط استعمال کی عمارت کے طور پر دوبارہ تعمیر کیا جائے گا، جس سے عمارت کے کل سائز میں اضافہ ہو گا اور موجودہ دفتر اور تجارتی جگہ میں تقریباً آٹھ رہائشی یونٹس کا اضافہ ہو گا۔ عمارت کو امیٹی وِل کی تاریخی یاد میں ایک نئے دیواری نقوش سے بھی آراستہ کیا جائے گا۔

کمرشل اسٹور کے سامنے کے حصے کے احیائے نو پر عملدرآمد - DRI تفویض: 600,000$
اسٹور کے سامنے کے حصے کا احیائے نو فنڈ DRI علاقے کے اندر عمارت کی بیرونی تزئین و آرائش کے لیے گرانٹس فراہم کرے گا۔ اپ گریڈز گاؤں کے ماحول کے مطابق کیے جائیں گے اور اس میں بیرونی تجدید نو، داخلی راستے، سائبان، روشنی اور سائن بورڈ شامل ہوں گے۔

137-157 براڈوے پر پیشہ ور دفتری عمارت کی بحالی - DRI تفویض: 425,000$
22,000 مربع فٹ رقبہ کمرشل طبی عمارت مع وسیع ڈاؤن ٹاؤن فرنٹیج کی کرایہ داروں کو راغب کرنے اور گاؤں کے مجموعی فطری ماحول میں حصہ ڈالنے کی خاطر تزئین و آرائش کی جائے گی۔ تزئین و آرائش سے تاریخی ڈیزائن کی علامت کا احترام کرنے اور گاؤں کی مجموعی جمالیات میں مثبت کردار ادا کرنے کا خیال رکھا جائے گا۔

لوسیز کارنر کی ہک اینڈ لیڈر نمبر 1 عمارت کی بحالی - DRI تفویض: 277,000$
پارک ایوینیو اور آئرلینڈ پلیس کے کارنر میں باہم مربوط، مخلوط استعمال ریٹیل اور کھانے کا کمپلیکس بنانے کے لیے امیٹی وِل کی تین قدیم ترین ساختوں کی تزئین و آرائش کی جائے گی۔ تزئین و آرائش میں مرکزی عمارت کا اندرونی اور بیرونی حصہ، فائر ہاؤس اور کاٹیج نیز ریٹیل، کھانے اور/یا میوزیم کی جگہ کی سہولت بہم پہنچانے کے لیے ملحقہ کھلی جگہ بھی شامل ہو گی۔

a140 براڈوے کو مخلوط استعمال کے کھانے اور دفتری عمارت میں بحال کرنا - DRI تفویض: 235,000$

140a براڈوے پر واقع عمارت کی تزئین و آرائش اور توسیع پائیدار عمارت کے طریقہ کار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کی جائے گی تاکہ گراؤنڈ فلور پر خصوصی کھانوں کے باہر صحن میں بیٹھ کر کھانے کے تجربے اور دوسری منزل پر ایک دفتر برائے لاء کی اجازت دی جا سکے۔

217 براڈوے میں نئی طعام گاہ کا قیام - DRI تفویض: $150,000
217 براڈوے میں واقع ایک سابقہ خالی پیزا گھر کی نیا ریستوران قائم کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر تزئین و آرائش کی جائے گی جو ڈاؤن ٹاؤن میں کھانے اور مشروبات کے اختیارات میں تنوع پیدا کرے گا اور کمیونٹی کے اندر سروس اور تفریحی انڈسٹریز میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔

187 براڈوے میں آرٹسٹ اسٹوڈیو کا قیام - DRI تفویض: $142,000
براڈوے میں واقع خالی کمرشل جگہ کی تزئین و آرائش کی جائے گی اور مقامی پرفارمنس، تھیٹر اور بصری آرٹسٹس کے لیے مشترکہ اسٹوڈیو دوبارہ تعمیر کیا جائے گا۔ نئی جگہ، جس میں ایک مشترکہ رقص اسٹوڈیو/تھیٹر اور ایک بصری فنون کی ورکشاپ شامل ہو گی، کمیونٹی کے اراکین کو فی گھنٹہ کی بنیاد پر کرایہ پر دینے کے لیے دستیاب بنائی جائے گی۔

136 براڈوے میں بیرونی بیئر گارڈن کی تنصیب - DRI تفویض: $140,000
موجودہ آئرش پب اینڈ ریسٹورنٹ کے مغربی جانب لاٹ میں ایک بیئر گارڈن تعمیر کرنے کے لیے ایک بیرونی بیٹھنے کی جگہ تیار کی جائے گی۔ تزئین و آرائش سے کھانے/پینے کی جگہ اور مقامی فنکاروں کے ذریعے لائیو میوزک پرفارم کرنے کے لیے بیٹھنے کی جگہ میں اضافہ کیا جائے گا۔

نیو یارک سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "امیٹی وِل، لانگ آئی لینڈ کا ایک خوبصورت گاؤں جس میں آمد و رفت کے بڑی راہداریوں تک آسان رسائی ہے، ریاست بھر کے رہائشیوں اور سیاحوں کے لیے ایک اوّلین منزل ہے۔ ریاست نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام کے ذریعے، امیٹی وِل کو راہگیروں کے راستے اور اہم LIRR اسٹیشن کو بہتر بنانے کے لیے 10$ ملین کی تفویض حاصل ہو گی؛ ریٹیل اور کھانے کے لیے عمارت کی دوبارہ تعمیر؛ اور عمارات کے بیرونی حصوں کی تجدید نو کے لیے اسٹور فرنٹس میں مدد دینے کی خاطر فنڈنگ فراہم کی جائے گی۔ یہ سرمایہ کاریاں امیٹی وِل کے منفرد وسائل کو فائدہ بہم پہنچائیں گی اور ان میں اضافہ کریں گی۔ امیٹی وِل کمیونٹی کو مبارکباد!

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام اُن اسٹریٹیجک سرمایہ کاریوں کی نمائندگی کرتا ہے جو امیٹی وِل کے گاؤں کو ایک متحرک، ٹرانزٹ پر مبنی ہب کے طور پر دوبارہ توانائی دے گا۔ چھوٹے کاروباروں کے لیے مواقع بڑھا کر اور ڈاؤن ٹاؤن ضلع کی ظاہر و اہمیت میں اضافہ کر کے، DRI پروجیکٹس آنے والی دہائیوں کے لیے معاشی ترقی کو اثر انگیز بنا دیں گے۔"

ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "کامیاب ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام ریاستی و مقامی لیڈرز کو نیو یارک کے ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح میں تیز تر، ہدف شدہ سرمایہ کاریاں کرنے کے لیے ایک مقام پر لاتا ہے۔ امیٹی وِل میں 11 ایوارڈ یافتہ پروجیکٹ گاؤں کی مخصوص ضروریات کو پورا کریں گے جیسے چلنے کی صلاحیت کو بڑھانا، شہر کے مرکز میں تجارتی عمارتوں کی تزئین و آرائش، اور نئے کاروباروں کو معاونت دینا تاکہ امیٹی وِل رہنے اور دیکھنے کے لیے ایک متحرک اور خوش آئند جگہ کے طور پر اپنی پوری صلاحیت تک پہنچ سکے۔"

ریاستی سینیٹر John E. Brooks نے کہا، "میں ڈاؤن ٹاؤن امیٹی وِل کی ترقی اور جدت کاری میں مدد دینے کے لیے گورنر Hochul کی جانب سے اس فنڈنگ کے اقدام کی تفویض کاری کے لیے مشکور ہوں۔ "ان مجوزہ پیش رفتوں سے شدید ضرورت کی حامل ملازمتیں اور ہاؤسنگ میں تنوع پیدا ہو گا، جو بالآخر لانگ آئیلینڈ کے تمام رہائشیوں کے لیے دستیاب معاشی مواقع کی تجدید نو میں مدد دے گا۔"

رکن اسمبلی Kimberly Jean-Pierre نے کہا، "میں امیٹی وِل کے گاؤں کے علاوہ ڈاؤن ٹاؤن کے احیائے نو کے لیے نمونے کے طور پر مزید بہتر کمیونٹی کی مثال پیش نہیں کر سکتی۔ آج کے اعلان کے ساتھ، نیویارک ہاؤسنگ کے مواقع اور راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی کے حامل ڈاؤن ٹاؤن کی راہداریوں میں سرمایہ کاری کر کے معاشی ترقی کو فروغ دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کر رہا ہے جو ہمارے چھوٹے کاروباروں کو معاونت دے گا اور امیٹی وِل جیسی کمیونٹیز کو خوشحالی کے ایک نئے دور میں لے جائے گا۔ میں میئر Dennis Siry اور پورے امیٹی وِل ولیج بورڈ آف ٹرسٹیز کو اس بہترین تفویض پر ایک بار پھر مبارکباد پیش کرتی ہوں اور گورنر Hochul اور ان کی ٹیم کی لانگ آئیلینڈ اور ریاست نیو یارک میں امیٹی وِل جیسی کمیونٹیز کی ترقی اور خوشحالی میں مدد دینے کے لیے مشکور ہوں۔"

سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا، "ربط سازی اور راہ گیروں کے لیے قابلیتِ رسائی کی صلاحیت ہمارے خوشحال ڈاؤن ٹاؤنز کی کامیابی اور احیائے نو کے لیے ناگزیر ہیں۔ گورنر Kathy Hochul کا شکریہ، ان کی بدولت امیٹی وِل حقیقی معنوں میں تبدل و تغیر کے پروجیکٹس کو آگے بڑھانے کے قابل ہے جو آنے والے سالوں تک ترقی کو فروغ دیں گے۔"

امیٹی وِل گاؤں، کے میئر Dennis M. Siry نے کہا، "ہم فاتح کو مبارکباد دیتے ہیں اور ان دلچسپ مواقع کے حقیقت میں بدلنے کے منتظر ہیں۔ ہم ریاست نیو یارک اور ان تمام افراد کے مشکور ہیں، جنہوں نے اس گرانٹ کے عمل میں تعاون کیا، جن کا تعلق ہماری ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کمیٹی سے ہے جس نے شروع سے ہی اس عمل کا آغاز کرنے کا بیڑا اٹھایا، مقامی کمیٹی اور DRI ٹیمز کے مشکور ہیں جنہوں نے پورے عمل میں ہماری رہنمائی کی۔ تمام امیٹی وِل ہمارے ڈاؤن ٹاؤن کے لیے اس تبدل و تغیر کی فنڈنگ سے مستفید ہوں گے۔"

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام

ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19 عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418